SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ آرڈیننس نمبر LXVI مجریہ ۱۹۸۴

# SINDH ORDINANCE NO.LXVI OF 1984

# سندھ یتیم خانے (نظرداری اور ضابطہ) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

# THE SINDH ORPHANAGES (SUPERVISION AND CONTROL) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

## فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ کی ترمیم

Amendment of Sindh Act 1976

۳۔ ۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ کی دفعہ ۲ کی ترمیم

Amendment of Section 2 of Sindh Act 1976

۴۔ ۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ کی دفعہ ۴کی ترمیم

Amendment of Section 4 of Sindh Act 1976

۵۔ ۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ کی دفعہ ۱۷ کی ترمیم

Amendment of Section 17 of Sindh Act 1976

سندھ آرڈیننس نمبر LXVI مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.LXVI OF

# 1984

## سندھ یتیم خانے (نظرداری اور ضابطہ) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

# THE SINDH ORPHANAGES (SUPERVISION AND CONTROL) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[۱۲ دسمبر ۱۹۸۴]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ یتیم خانے (نظرداری اور ضابطہ) ایکٹ، ۱۹۷۶ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ شرعی عدالت نے سندھ یتمیم خانے (نظرداری اور ضابطہ) ایکٹ، ۱۹۷۶ میں کچھ ترامیم کرنے کی ہدایت کی ہے؛

اور جیسا کہ سندھ یتیم خانے (نظرداری اور ضابطہ) ایکٹ، ۱۹۷۶ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ یتیم خانے (نظرداری اور ضابطہ) (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴ کہا جائے گا۔

۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ کی ترمیم

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۲۔ سندھ یتیم خانے (نظرداری اور ضابطہ) ایکٹ،

Amendment of Sindh Act 1976

۱۹۷۶ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، سارے ایکٹ میں ما سوائے دفعات ۲۷ اور ۲۸ کے، لفظ "یتم خانہ" اور لفظ "یتم خانے" اور لفظ "ایک یتیم خانہ" جہاں بھی آئیں، ان کو لفظ "دارالاطفال" اور الفاظ "ایک دارالاطفال" سے ترتیبوار تبدیل کیا جائے گا۔

۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ کی دفعہ ۲ کی ترمیم

۳۔ مذکورہ ایکٹ کے دفعہ ۲ میں:

Amendment of Section 2 of Sindh Act 1976

(i) شق (d) کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:

"(dd) "دارالاطفال" مطلب ایک جگہ یا ادارہ جو یتیم اپنانے، سنبھالنے اور ان کی دیکھ بھال کے لیئے استعمال ہوگا۔"؛

۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ کی دفعہ ۴کی ترمیم

(ii) شق (k) کو ختم کیا جائے گا۔

Amendment of Section 4 of Sindh Act 1976

۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۴ میں، ذیلی دفعہ (۳) کے شرطیہ بیان میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

۱۹۷۶ کے سندھ ایکٹ کی دفعہ ۱۷ کی ترمیم

"بشرطیکہ کوئی بھی میمبر سننے کا موقعہ دیئے بغیر نہیں ہٹایا جائے گا۔"۔

Amendment of Section 17 of Sindh Act 1976

۵۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۱۷ میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

"بشرطیکہ کوئی بھی حکم جاری نہیں کیا جائے گا جب تک اپیلنٹ کو سننے کا موقعہ نہیں فراہم کیا جاتا۔"۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**